نمبر (۳۱)

جلد (۴۱)

RAMPUR STATE GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیٰحضرت حضور پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳۰ صفر سنہ ۱۳۴۸ھ مطابق ۵ اگست سنہ ۱۹۲۹ عیسوی

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	تعداد صفحہ
۱	انتظام عارضی بسلسلہ رخصت مولوی وسیم الدین صاحب رجسٹرار صدر	۱ و ۲
۲	بابت تعیین تنخواہ ویٹران وال پیسکول	۲
۳	تقرر ویٹرنری	"
۴	پیرو کی کمائی و جائے روغن و دودھ شیرہ وغیرہ بحضور تحصیل	۲ و ۳
۵	رخصت صاحب گورنر ومیڈیکل افسر صاحب	۳
۶	" صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر	"
۷	تقرر ملازمان	"
۸	ہدایات بمکان مدالتہائے فوجداری	"
۹	احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر	"
۱۰	تعیین عہدہ سید احسان علی صاحب	"
۱۱	رخصت اہلکاران تحصیلات	"
۱۲	نقشہ جات ماہ وزیر خانہ و یادداشت	ضمیمہ

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

واقع ۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۹ع

مراتب مندرجہ رپورٹ کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذ بغرض اجراء احکام صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہو۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — بیرمانہ

جناب عالی

منشی وسیم الدین صاحب رجسٹرار صدر کی رخصت کے ایام میں بطور عارضی انتظام منشی محمد یار خان اہلمد اجلاس پذا تنخواہ دار ماہوار کو باضافہ رجسٹرار صدر مقرر کیا گیا تھا۔ محمد یار خان دس سال کے ملازم اور ہر قسم کے کام سے واقف نہایت دیانتدار اور محنت سے کام کرنے والے ہیں۔ اسلئے انکا انتخاب اس جگہ کے لئے نہایت موزون تھا۔ اور منشی وسیم الدین کے زمانہ سے جو رجسٹر وغیرہ سالہا سال سے غیر مکمل پڑے ہوئے تھے اس تھوڑی سی مدت میں منشی محمد یار خان نے انکو مکمل کر کے کام صاف کر دیا۔ چونکہ وہ ایک ایسے خیال کے آدمی ہیں جنکو نماز روزہ کا زائد خیال ہے۔ اور اس وجہ سے چند مرتبہ اپنی پہلی جگہ پر واپسی کے لئے کہہ چکے ہیں۔ حالانکہ انکا موجودہ عہدہ معزز اور تنخواہ بہر طرح اعلیٰ ہے۔ زرخواہ کے نزدیک انکی استدعا پر لحاظ کرنا مناسب ہے۔ لیکن انکی دیرینہ ملازمت دیانت اور کارگزاری پر نظر رکھتے ہوئے زرخواہ کی سفارش ہے کہ بطور خاص انکو دس روپیہ ماہوار الاونس مستقل عطا فرمایا جائے۔ اور گزارش ہے کہ اس سلسلہ میں حسب ذیل انتظام کی منظوری فرمائی جائے۔

(۱) منشی محمد یار خان موجودہ رجسٹرار صدر اپنی سابقہ خدمت اہلمدی اجلاس ہذا پر تبدیل ہوں اور ۳۵ ماہوار تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار الاؤنس مستقل پائیں
(۲) منشی سعید الدین خان پیشکار جج تنخواہ دار چالیس ۴۰ روپیہ ماہوار جنکی کارگزاری کی صاحب جج بہادر بار بار سفارش کر چکے ہیں۔ اور جو سند یافتہ بھی ہیں۔ باضافہ دس روپیہ ماہوار رجسٹرار صدر مقرر ہوں۔
(۳) سید محمد علی سابق پیشکار سوم آفس موجودہ اہلمد اجلاس ہذا جو بطور خاص اپنی سابقہ تنخواہ ساٹھ روپیہ ماہوار پا رہے ہیں اس موجودہ تنخواہ پر پیشکار عدالت جج کے عہدہ پر تبدیل ہوں۔

انتظام نمبر ۲ و نمبر ۳ چونکہ منشی وسیم الدین صاحب رجسٹرار صدر کی خدمت کے سلسلہ میں ہے لہذا غیر مستقل ہوگا۔
لہذا عرضداشت ہذا بامید صدور حکم منظوری بعد ادب پیش کیجاتی ہے۔ زیادہ ادب
الٰہی آفتاب دولت و اقبال تابان رہے۔

عرضی
زیر تنخواہ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۳ فروری سنہ ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب منشاء حکم عالی اجلاس ہمایوں صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۱۹ فروری سنہ ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

بموجب صراحت رپورٹ منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات واپس ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر عرضی — میر سامانہ

جناب عالی

ہائی اسکول میں ان ٹرینڈ گریجویٹ جو اسوقت ملازم ہیں انکی تنخواہ کا گریڈ مقرر تھا کے جاپہنچ ہیں ہائی اسکول آنے سے قبل مقرر ہوا تھا۔ ان ٹیچروں کی ابتدائی تنخواہ پچہتر روپیہ اور ہر سال پانچ روپیہ ماہوار ترقی ہوکر انتہائی تنخواہ ایک سو روپیہ تک پہنچ لیکن بجز ہائی اسکول ریاست کے کہیں ان ٹرینڈ گریجویٹ ٹیچر کی تنخواہ کا گریڈ نہیں ہے گورنمنٹ کے اسکولوں میں اول تو ان ٹرینڈ رکھے ہی نہیں جاتے اور اگر رکھے جاتے ہیں تو عارضی طور پر ستر پچہتر روپیہ تنخواہ پر۔ لہذا بہ نسبت تنخواہ یہ ضروری ہے کہ آیندہ جو ان ٹرینڈ گریجویٹ ہائی اسکول میں ملازم رکھے جائیں انکی تنخواہ کا کوئی گریڈ نہ ہو بلکہ بالمقطع ستر یا پچہتر روپیہ تنخواہ پر انکا تقرر ہو۔ البتہ جو ٹیچران ٹرینڈ گریجویٹ اسوقت پہلے سے ملازم چلے آرہے ہیں انہیں چونکہ ایکسو روپیہ ماہوار تک تنخواہ کا وعدہ ہو چکا ہے انکو بدستور ایکسو روپیہ تک ترقی دیجائے اس سے زیادہ ترقی نہ دیجائے۔ لہذا عرضداشت بامید صدور حکم منظوری ارسال اجلاس ہمایوں ہے۔ دولت و اقبال جاوید باد۔

عرضی
زیر تنخواہ دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۱۸ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

دربارہ منظوری تقرر جدید دو ٹیچران برائے ہائی اسکول بوجہ افزونی طلباء۔

حسب صراحت رپورٹ ہائی اسکول میں دو ٹیچر رکھنے کی منظوری دیجاتی ہے۔ ایک ٹیچر گریجویٹ ٹرینڈ کی تنخواہ ابتدائی ایکسو روپیہ ماہانہ اور دس روپیہ سالانہ اضافہ ہوکر انتہائی تنخواہ ۱۵۰ ماہانہ ہوگی اور دوسرا گریجویٹ ٹرینڈ ٹیچر کی ابتدائی تنخواہ پچاس روپیہ اور اور ۵ اضافہ سالانہ ہوکر انتہائی تنخواہ ۷۵ ماہانہ ہوگی۔ کاغذات صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر۔

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۲۲ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء
دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس ہمایوں بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم
واقع ۲۴ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

بنظر مناسب حکم ہوا کہ
روغن زرد۔ دودھ۔ دہی۔ میوہ جات۔ اور مٹھائی۔ اور پکوان جو شہر رامپور میں فروخت ہوتے ہیں انکی نگرانی اور جانچ کیجائے جو میونسپلٹی کے حضور تحصیل کے متعلق کیجاتی ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم وملکہم

رخصت

۲۴ جولائی ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت ایکماہ بابو پربھودیال سب ڈویژنل آفیسر فارغ بوضع تنخواہ۔

حکم

بابو پربھودیال کی مزید رخصت ایکماہ بوضع تنخواہ منظور ہے۔ کاغذات بغرض کارروائی صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت کے پاس مرسل ہون۔

دستخط فارم صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

بغرض اجراء احکام ضابطہ صدر کو مرسل ہو۔ ۲۰ جولائی ۱۹۲۹ء

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

رخصت

۱۹۲۹ء

مثل عرضداشت صاحب جونیر ریونیو سکریٹری بہادر معروضہ ۵ جولائی ۱۹۲۹ء دربارہ منظوری رخصت خود لغایۃ آخر اگست ۱۹۲۹ء بوجہ علالت بواسیر وغیرہ۔

حکم

آخر اگست تک رخصت منظور رہی۔ ایام رخصت مین صیغہ جات متعلقہ کا کام صاحب سینیر ریونیو سکریٹری بہادر سے متعلق رہیگا۔ احکام ضابطہ جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۱۹۲۹ء

حسب رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر رخصت ہشت یوم بوجہ علالت محمد یوسف علیخان منصرم توپخانہ بذمہ داری نائب منصرم ۱۶ جولائی سے ۲۳ جولائی ۱۹۲۹ء تک منظور ہوئی۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

واقع ۲۰ جولائی ۱۹۲۹ء

بملاحظہ نقشہ جات ماہوار کارروائی عدالتہائے فوجداری واضح ہوتا ہے کہ باوجود حکم کام ہونے کے عدالتون مین دوران مقدمہ [illegible] مقرر ہوتا ہیں۔ اور قلمبندی شہادت کے سلسلہ بھی نہین ہوتا فریقین معاملہ حاضر ہوتے ہین کہ شہادت لینے کے بعد کوئی دوسری تاریخ غیر مسلسل مقرر کردیجاتی ہے جسمین اہل معاملہ کشاکشی مین مبتلا رہتے ہین اور تصفیہ مقدمات مین بھی تاخیر ہوتی ہے۔ وقتاً فوقتاً عدالتون کو اس بارہ مین توجہ بھی دلائی گئی مگر پھر بھی کوئی نتیجہ برآمد نہین ہوا۔ اس مرتبہ جملہ عدالتہائے فوجداری کو توجہ دلائی جاتی ہے کہ مقدمہ کی تاریخ ایسی مقرر ہونا چاہئے کہ اُس تاریخ اُنکی سماعت ہوسکے۔ اور کسیوجہ خاص سے کوئی تاریخ تبدیل کرنیکی ضرورت ہو تو مسلسلہ کی تاریخ مقرر ہونا چاہئے تاکہ اہل معاملہ دوبارہ طلبی کی کشاکشی مین مبتلا نہ ہون۔ اور بلا کسی خاص وجہ کے لابدی تاریخ مقرر نہ کیجایا کرے۔ اور اس بات کا خیال رکھنا چاہئے کہ کوئی غیر ضروری طوالت اور تعویق تصفیہ مقدمات مین واقع نہ ہو۔ لہذا

حکم ہے کہ

بغرض اجرائے احکام جملہ عدالتہائے فوجداری مین بذریعہ نقل روبکار بھیجی جائے۔ اور ایک نقل عدالت جج مین اور ایک نقل مطبع سرکاری مین بغرض اندراج گزٹ بھیجی جائے۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

استعفا

۲۰ جولائی ۱۹۲۹ء

رام کنور نائب مدرس مدرسہ تحصیل شاہ آباد کا استعفا یکم جولائی ۱۹۲۹ء سے منظور کیا گیا

لہذا حکم ہے کہ

مثل بغرض اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۲۳ جولائی ۱۹۲۹ء

مثل رپورٹ ڈسٹرکٹ وسیشن جج بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید دس یوم منشی علی اکبر نائب منصرم نزول من ابتداء ۲۰ جولائی سنہ حال بوجہ فوتگی خواہر ایشان۔

حکم

رخصت دس یوم بعادن مذکور کی بوضع تنخواہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۴ جولائی ۱۹۲۹ء

شوکت حسین نائب مدرس کچہری کی بعض شکایات کی درخواست آئی تھی جسکی تحقیقات ڈپٹی انسپکٹر صاحب مدارس کے ذریعہ سے کرائی گئی وہ شکایات صحیح پائی گئین اور سیپارہ مدرس قرآن شریف مدرسہ مذکور کی شرکت بھی صحیح پائی گئی۔ لہذا شوکت حسین نائب مدرس

مدرسہ گیری اور سینا مدرس قرآن شریف مدرسہ مذکور دونوں برخاست کیے گئے۔ انسپکٹر صاحب مدارس ان دونوں کی جگہ امیدوار تلاش کرکے تقرر کی رپورٹ کریں لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

برخاستگی

۲۰ جولائی ۱۹۲۹ء

ماسٹر [illegible] مدرس مڈل اسکول چونکہ ایک ماہ سے غیر حاضر ہے۔ لہذا ۲۲ جولائی ۱۹۲۹ء سے برخاست کیا گیا۔ بجائے انکے مسمی [illegible] رضا خان مڈل پاس کا تقرر بشاہرہ [illegible] امتحاناً برائے چند ماہ کیا گیا لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۰ جولائی ۱۹۲۹ء

ہائی اسکول میں ایک عارضی ٹیچر کے تقرر کی بہ تنخواہ [illegible] ماہوار اجلاس ہمایوں سے منظوری صادر ہو چکی ہے۔ لہذا حسب رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول ماسٹر [illegible] الدین انٹرنس پاس کا تقرر بہ تنخواہ [illegible] ماہوار عارضی منظور کیا جاتا ہے۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تقرر

۲۰ جولائی ۱۹۲۹ء

مسمی پریم شنکر ساکن موضع [illegible] تحصیل [illegible] جو اردو و ہندی مڈل پاس ہے۔ انکا تقرر بشاہرہ [illegible] امتحاناً برائے چند ماہ بمدرسہ تحصیلی شاہ آباد بجائے رام کنور مدرس مستقل منظور کیا گیا۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

تبادل

۱۹ جولائی ۱۹۲۹ء

شمس الاسلام نائب مدرس مدرسہ تحصیلی شاہ آباد تنخواہ [illegible] ماہوار کا تبادلہ مدرسہ [illegible] تحصیل شاہ آباد میں بوجہ تخفیف مدرس اول کیا گیا۔ علی امیر مدرس [illegible] جو کہ غیر حاضر ہے انکی نسبت بعد کو حکم ہوگا۔ [illegible] مدرسہ تحصیلی شاہ آباد کا بوجہ کمی طلبا [illegible] مدرسہ تحصیلی شاہ آباد میں باعتبار تعداد طلبا بجائے شمس الاسلام نائب مدرس جدید تقرر کی ضرورت نہیں ہے۔ لہذا

حکم ہے کہ

نقل حکم برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

تعین عہدہ

۲۲ جولائی ۱۹۲۹ء

مشتبہ رپورٹ ایگزیکٹیو انجینئر صاحب انہار۔

حکم

کاغذات [illegible] اجلاس پیش ہو کر دریافت ہوا کہ سید اسحاق علی کا تبادلہ صیغہ آبکاری سے بغرض نگرانی درختان انہار اجلاس ہمایوں سے منظور ہو چکا ہے۔

ایگزیکٹیو انجینئر صاحب انہار اپنی رپورٹ ۳ جولائی ۱۹۲۹ء میں تحریر کرتے ہیں کہ انکا تعلق علاوہ کام درختان انہار کے دیگر کام جانچ آبپاشی وغیرہ سے بھی رہیگا۔ اس لئے انکے عہدہ کا نام سپروائزر رکھا جائے تو مناسب ہے۔ ہمارے نزدیک یہ بہتر ہوگا کہ انکا عہدہ بجائے سپروائزر کے انسپکٹر درختان انہار قائم کیا جائے۔ صدور سے احکام ضابطہ جاری ہو کر اصل کاغذات بخدمت ایگزیکٹیو انجینئر صاحب انہار مرسل ہوں اور مسل آمدہ محافظ خانہ صدر روانہ ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

رخصت

۲۲ جولائی ۱۹۲۹ء

مشتبہ رپورٹ ایگزیکٹیو انجینئر صاحب تعمیرات دربارہ منظوری رخصت [illegible] یوم بلا تنخواہ منشی ناظم علی [illegible] تعمیرات خاص [illegible] از ۱۹ جولائی ۱۹۲۹ء

حکم

حسب رپورٹ ایگزیکٹیو انجینئر صاحب [illegible] کی رخصت بلا تنخواہ منشی ناظم علی [illegible] تعمیرات خاص [illegible] منظور ہے۔ بغرض اجرا احکام ضابطہ صدر کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

نقشہ بارش ہفتہ وار من ابتدائے ۲۰ لغایت ۲۶ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	یومیہ	میزان	یومیہ	میزان	یومیہ	میزان	یومیہ	میزان	یومیہ	میزان	یومیہ	میزان
۲۰ جولائی ۱۹۲۹ء یوم شنبہ	۰	۱۰۵	۰	۵۹	۳½	۸۴	۳	۳۸	۰	۵۴	۱۲	۹۴
۲۱ " " یوم یکشنبہ	۴½	۱۰۹½	۸	۶۷	۱۲	۸۶	۵	۳۳	۰	۵۴	۸	۱۰۲
۲۲ " " یوم دوشنبہ	۹	۱۱۸½	۷	۷۴	۰	۸۶	۴	۳۷	۱۸	۷۲	۰	۱۰۲
۲۳ " " یوم سہ شنبہ	۰	۱۱۸½	۰	۷۴	۲½	۸۸½	۰	۳۷	۰	۷۲	۲	۱۰۴
۲۴ " " یوم چہارشنبہ	۳	۱۲۱½	۱۷	۹۱	۰	۸۸½	۰	۳۷	۰	۷۲	۰	۱۰۴
۲۵ " " یوم پنجشنبہ	۰	۱۲۱½	۰	۹۱	۰	۸۸½	۰	۳۷	۰	۷۲	۰	۱۰۴
۲۶ " " یوم جمعہ	۰	۱۲۱½	۰	۹۱	اطلاع نہیں	۰	۳	۴۰	۰	۷۲	۰	۱۰۴

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ہفتہ چہارم ماہ جولائی سنہ ۱۹۲۹ء

نام جنس	صدر تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۲۰۰ار ۷ار		۸ار	۷ار ۷ار			دیگر تحصیلات سے نقشہ نہیں آیا
نخود خاص	۶ار		۶ار	۶ار			
نخود کٹہ امیز	۷ار		۷۰ار	۷ار			
گیہ	۷۰ار		۷ار	۷ار			
ماش	۵ار ۷ار		۵ار	۵ار			
مونگ	۳ار ۳۰ار		۳۰ار	۰			
مکا	نرخ بازار		۰	۷ار			
جئی	۹۰ار		۱۰ار	۱۱ار			
گوجی	۷ار		۹ار	۰			
عدسس	۶ار		۷۰ار	۷ار			
ارہر	۶ار ۷ار		۷ار	۷ار			
برنج	۳ار ۷ار ۳۰ار		۳۰ار ۱۵ار	۳۰ار			
روغن زرد	۷ چھٹانک ۸ چھٹانک		۱۰ چھٹانک	۱۱ار			
روغن سیاہ	۷ار		۱ار	۱۰ار			
روغن کنجد	۷ار		۸ار	۷ار			
نمک سانبھر	۱۲ار		۱۲ار	۱۰ار			
نمک لاہوری	۶ار		۶ار	۰			
قند سیاہ	۵ار ۵۰ار		۶۰ار	۵۰ار			
باجرہ	۳ار		۰	۳ار			

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور بابت ماہ جون سنہ ۱۹۲۹ء

نام تھانہ	تفصیل پیدائش: مرد – مسلمان	مرد – ہندو	عورت – مسلمان	عورت – ہندو	میزان	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۶ سال تک – مرد	ایک سال سے ۶ سال تک – عورت	۶ سال سے ۱۲ سال تک – مرد	۶ سال سے ۱۲ سال تک – عورت	۱۲ سال سے زیادہ – مرد	۱۲ سال سے زیادہ – عورت	میزان – مرد	میزان – عورت	تفصیل مذہب – مسلمان	تفصیل مذہب – ہندو	تفصیل امراض – [illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	طاعون	ازدیاد پیدائش بمقابلہ اموات	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۲۵	۶	۱۶	۷	۵۴	۴۱	۱۳	۴۷	۴۲	۲	۲	۱۵	۱۹	۵۹	۷۱	۱۱۳	۱۷	۳	۷۷	۰	۵۰	۰	۰	۰	۱۳۰	
گنج	۲۲	۳	۲	۳	۳۳	۲۶	۷	۴۷	۲۶	۲	۴	۱۴	۱۸	۶۳	۴۹	۱۱۰	۲	۰	۶۶	۴۵	۱	۰	۰	۰	۱۱۲	
[illegible]	۱۴	۹	۱۲	۷	۴۲	۳۰	۱۲	۱۰	۳	۲	۰	۴	۹	۱۶	۱۲	۱۷	۱۱	۰	۰	۲۸	۰	۰	۰	۰	۲۸	
عظیم نگر	۴	۷	۳	۴	۲۱	۱۰	۱۱	۳	۳	۲	۰	۴	۱	۹	۵	۴	۱۰	۰	۲	۱۱	۱	۰	۰	۰	۱۴	
شاہ آباد	۱۵	۲۸	۱۰	۳۲	۸۷	۶۵	۲۲	۴	۵	۱	۴	۶	۱۴	۱۳	۲۳	۱۲	۲۴	۰	۱	۰	۳۲	۱	۲	۰	۳۶	
پٹوائی	۶	۲۷	۲	۱۵	۵۰	۸	۴۲	۹	۶	۰	۲	۱۱	۳	۲۰	۱۱	۲	۲۹	۰	۲	۲۸	۱	۰	۰	۰	۳۱	
ملک	۵	۵۰	۵	۵۲	۱۱۲	۱۰	۱۰۲	۲۸	۱۶	۳	۴	۲۵	۲۵	۵۶	۴۵	۱۱	۹۰	۰	۸	۹۱	۰	۲	۰	۰	۱۰۱	
بلاسپور	۹	۱۸	۹	۸	۴۴	۱۸	۲۶	۷	۱۵	۲	۴	۳۲	۱۹	۴۱	۳۸	۵۳	۲۶	۰	۰	۷۸	۰	۱	۰	۰	۷۹	
کیمری	۹	۱۳	۳	۱۶	۴۱	۱۲	۲۹	۳	۳	۳	۱	۷	۵	۱۳	۹	۰	۱۷	۰	۳	۰	۲۰	۰	۰	۰	۲۳	
سوار	۲	۳	۲	۲	۱۳	۸	۵	۱۱	۶	۱	۳	۱۳	۹	۱۵	۱۸	۲۱	۲۲	۰	۰	۰	۴۱	۱	۱	۰	۴۳	
ٹانڈہ	۱۲	۱۴	۱۲	۱۲	۵۰	۲۴	۲۶	۱۳	۱۰	۱	۱	۲۰	۷	۳۴	۱۸	۳۰	۲۲	۰	۰	۰	۵۲	۰	۰	۰	۵۲	
میزان	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۳	[illegible]	[illegible]	[illegible]	۵	[illegible]	۰	[illegible]	